NYC Kids RISE | Save for College Program

# Plan 529 اکاؤنٹ کیا ہے؟

## Plan 529 اکاؤنٹ کیا ہے؟

Plan 529 اکاؤنٹ ایک قسم کا سرمایہ کاری اکاؤنٹ ہے جسے **اعلیٰ تعلیم کے لیے بچت کرنے میں فیملیز کی مدد** کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ Plan 529 اکاؤنٹ میں موجود پیسہ وقت کے ساتھ بڑھ سکتا ہے۔ تاہم، 529 اکاؤنٹ میں موجود پیسہ بڑھنے کی ضمانت نہیں ہے اور اس کی مالیت گھٹ بھی سکتی ہے۔ The NY 529 *Direct Plan* ایک 529 کالج سیونگز پلان ہے جو نیویارک اسٹیٹ کے کمپٹرولر آفس (Office of the Comptroller of the State of New York) اور نیویارک ہائر ایجوکیشن سروسز کارپوریشن (New York Higher Education Services Corporation) کے ذریعے چلایا جاتا ہے۔

## NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کیا ہے؟

کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) کے ذریعے، **NYC پبلک اسکولوں میں اندراج یافتہ کنڈر گارٹن کے ہر طالب علم** (بشمول شرکت کنندہ چارٹر اسکول) کو خود بخود ایک NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) موصول ہو جاتا ہے اور اس میں 100$ کی ابتدائی رقم **جمع کرا دی جاتی ہے**، ما سوائے اس کے کہ ان کے والد/والدہ یا سرپرست خود اس پروگرام سے "دستبردار" ہو جائیں۔ فیملیز انعامات کے طور پر اس اکاؤنٹ میں **175$ تک کے اضافی اسکالرشپ فنڈز** حاصل کر سکتی ہیں اور کمیونٹیاں ہر بچے کی کامیابی کے لیے اپنے کمیونٹی سپورٹ کے اظہار کے لیے ان NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس کے گروپوں میں اضافی رقم دے کر تعاون کر سکتی ہیں۔

## ایک NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ اور ایک Plan 529 اکاؤنٹ میں کیا تعلق ہے؟

NYC Kids RISE، جو کہ ایک غیر منافع بخش تنظیم ہے، شرکت کنندہ طلباء کی طرف سے اسکالرشپ فنڈز کی مالک اور منتظم ہے اور وہ ان فنڈز کو NY 529 *Direct Plan* میں لگاتی ہے۔ NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کو وقت کے ساتھ رقم کا فائدہ یا نقصان ہو سکتا ہے، جس کا انحصار صرافہ بازاروں اور سرمایے کی کارکردگی پر رہے گا۔ **اسکالرشپ فنڈز کو Plan 529 میں لگایا جاتا ہے تاکہ نیو یارک سٹی پبلک اسکول کے تمام طلباء اپنے مستقبل کے کالج اور کیریئر کے اہداف کے لیے مالی اثاثہ رکھ سکیں۔** NYC Kids RISE ہائی اسکول کے دوران طلباء اور ان کے والدین یا سرپرستوں کو یہ معلومات فراہم کرے گا کہ وہ اپنے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ تک کیسے رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

---

*The NYC Kids RISE کا کالج کے لیے بچت پروگرام ایک غیر منافع بخش تنظیم، .NYC Kids RISE Inc کے زیر بندوبست، NYC محکمۂ تعلیم اور سٹی آف نیو یارک کے اشتراک سے ایک اسکالرشپ اور بچت پروگرام ہے۔ NYC Kids RISE نہ تو New York's 529 College Savings Program سے الحاق یافتہ ہے نہ ہی اس کا مجاز تقسیم کار ہے اور یہ سرمایہ کاری کی وکالت نہیں کرتا یا سرمایہ کاری کا مشورہ فراہم نہیں کرتا۔ سٹی آف نیو یارک اور NYC محکمۂ تعلیم (NYC Department of Education) NY 529 پروگرام مینیجر اور کسی خاص کالج کے لیے بچت یا دیگر سرمایہ کاری کے وسیلے، بشمول کالج کے لیے بچت پروگرام کے ذریعے فیملیز کو جن وسائل کے بارے میں علم ہو سکتا ہے ان کی تائید یا ان کے بارے میں تجویز پیش نہیں کرتا ہے اور اس کا اس پر کوئی کنٹرول، اس کی ملکیت یا اس کے ساتھ کوئی الحاق نہیں ہے۔*



nyckidsrise.org | info@nyckidsrise.org | 833-543-7473

NYC KiDS RiSE™ | Save for College Program

## NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں موجود رقم کی سرمایہ کاری کس میں کی جاتی ہے؟

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں موجود رقم نیویارک کے 529 کالج سیونگز پروگرام *Direct Plan* کی طرف سے پیش کردہ پورٹ فولیو میں **ملا جلا کر اسٹاکس، بانڈز اور قلیل مدتی سرمایہ کاریوں** (اثاثوں کی تخصیص) میں لگائی جاتی ہے۔ خاص طور پر، NYC Kids RISE نے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس کو NY 529 *Direct Plan* کے "ٹارگٹ انرولمنٹ پورٹ فولیو" (Target Enrollment Portfolio) میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے منتخب کیا ہوا ہے، جس میں سرمایہ کاری کے اثاثوں کی تقسیم ہر شریک شدہ گریڈ کے لیے کالج یا کیریئر ٹریننگ میں داخلے کے متوقع سال پر مبنی ہوتی ہے۔ ٹارگٹ انرولمنٹ پورٹ فولیو کے لیے اثاثوں کی تقسیم وقت کے ساتھ ہر سہ ماہی میں خود بخود ایڈجسٹ ہو جاتی ہے تاکہ جب بینیفشری (Beneficiary) (آپ کا بچہ) گریجوئیشن کے قریب پہنچے، تو یہ مزید اعتدال پسند ہو جائے۔ NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کو وقت کے ساتھ رقم کا فائدہ یا نقصان ہو سکتا ہے، جس کا انحصار صرافہ بازاروں اور سرمایے کی کارکردگی پر رہے گا۔ جب آپ اپنے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ فعال کرتے ہیں اور ان کے اکاؤنٹ کو بچت ٹریکر میں دیکھتے ہیں، تو آپ کو اکاؤنٹ میں موجود رقم اوپر نیچے ہوتی ہوئی نظر آ سکتی ہے۔

## NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں موجود رقم کس مد میں استعمال کی جا سکتی ہے؟

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں موجود رقم کی سرمایہ کاری NY 529 *Direct Plan* میں کی جاتی ہے۔ یہ رقم اہل اداروں میں مختلف قسم کے **قابلِ قبول اعلیٰ تعلیم کے اخراجات** کے لیے استعمال کی جا سکتی ہے۔ ان اداروں میں کمیونٹی کالجز، تجارتی اور ووکیشنل اسکولز، اہل اپرنٹسشپ پروگرامز اور آن لائن ڈگری پروگرامز شامل ہیں—جو امریکہ اور بیرون ملک بھی ہو سکتے ہیں۔ قابلِ قبول اخراجات میں ٹیوشن، فیسیں، کتابیں، سامان اور وہ آلات شامل ہیں جو کالج یا کیریئر ٹریننگ پروگرام میں داخلے یا انہیں جاری رکھنے کے لیے درکار ہوتے ہیں، جو اکثر دیگر اسکالرشپس میں شامل نہیں ہوتے۔

## میں اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کے ساتھ کیا کر سکتا ہوں؟

فیملیز اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں اضافی انعامات حاصل کر سکتی ہیں۔ پہلے تین انعامات "3 بلڈنگ بلاکس" مکمل کرنے کے لیے ہیں۔ یہ تین مراحل کالج کے لیے بچت پروگرام کے ذریعے آپ کے بچے کے مستقبل کے لیے مل کر بچت کرنے کی ایک طویل مدتی شراکتی بنیاد فراہم کرتے ہیں۔ آپ کے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں ابتدائی $100 کے علاوہ، NYC Kids RISE آپ کے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کے لیے ہر بلڈنگ بلاکس مکمل کرنے پر $25 کا انعام دے گا۔

- **بلڈنگ بلاک 1:** اپنے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ آن لائن فعال کریں اور دیکھیں nyckr.org/stregister-529.
- **بلڈنگ بلاک 2:** اپنا کالج اور کیریئر کی بچت کا اکاؤنٹ کھولیں اور اپنے بچے کے اسکالرشپ اکاؤنٹ سے مربوط کریں: اپنے بچے کے اسکالرشپ اکاؤنٹ سے مربوط کرنے کے لئے دو اختیارات میں سے ایک کو منتخب کریں۔ مزید جانیں: nyckr.org/options-529۔
- **بلڈنگ بلاک 3:** اپنے کالج اور کیریئر کی بچت کے مربوط اکاؤنٹ میں کم از کم $5 جمع کریں۔

پہلے گریڈ کے پہلے دن سے، وہ خاندان جنہوں نے 3 بلڈنگ بلاکس مکمل کر لیے ہوں، **بچت میچ** (Savings Match) انعام کے اہل ہوں گے۔ آپ اپنے مربوط کالج اور کیریئر کے لیے بچت اکاؤنٹ میں جو رقم ڈیپازٹ کرتے ہیں، زیادہ سے زیادہ $100 تک، اس کو NYC Kids RISE ڈالر بہ ڈالر میچ کرے گا۔ 3 بلڈنگ بلاکس ($75 کا مجموعی انعام) اور بچت میچ ($100) انعام پانچویں گریڈ سے دستیاب ہیں۔

nyckr.org/faq-529

**اگر میرے پھر بھی کوئی سوالات ہوں، تو کہاں رابطہ کروں؟**

NYC Kids RISE کو 543-7473833- پر کال کریں یا ہمیں ای میل کریں: info@nyckidsrise.org